انقلابی کتاب | جناب طاہر رسول قادری ۔ باہتمام ادارہ معارف اسلامی کراچی۔ ناشر: عبدالحفیظ احمد ۔ اچھا سفید کاغذ ، نیلا دبیز ورق ۔ صفحات: ۱۴۷
قیمت: ۲۱/ روپے ۔

طاہر رسول قادری ہمارے دیرینہ رفیق تھے اور کئی سال اچھرہ میں رہے۔ اس وقت ان کی صلاحیتیں کسی پہاڑ میں مدفون سونے کی طرح تھیں۔ اب جو انھوں نے اپنی کان کنی کی تو کیا شاندار نتائج کا وش ہمارے سامنے رکھے۔ ۵۲ قرآنی دروس پر پہلے تبصرہ ہو چکا ہے، حالانکہ ترتیب کے لحاظ سے پہلے انقلاب پر بات ہونی چاہیے تھی، جو اس کتاب کا مقدمہ تھی۔

دراصل اس کتاب (حصہ اول دروس قرآن) میں ایسی اُصولی باتوں کا ذکر ہے جن کو سمجھ لینے کے بعد قرآن فہمی آسان ہو جاتی ہے۔ مثلاً قرآن انقلابی کتاب ہے، قرآن ذریعہ نجات ہے، قرآن کا بیان تقریری ہے، قرآن کا موضوع انسان ہے، قرآن کا نزول تدریجی ہے، پہلی وحی، آخری وحی، جمع قرآن (دو مراحل) کتابتِ قرآن، اسبابِ نزول، مکّی آیات وسورتیں، مدنی آیات وسورتیں، محکم و متشابہ، ناسخ ومنسوخ، اُردو کی مشہور تصانیف، قرآنی اصطلاحات (مثلاً برزخ، فلاح، خسران، مشیت وغیرہ)۔

قرآن کے بارے میں بہت کچھ لکھا گیا ہے۔ مگر پھر بھی کام میں کسر ہے اور لوگ اسے پورا کرتے رہیں گے۔ اسی سلسلے میں ایک اچھا حصہ طاہر رسول قادری نے ادا کیا ہے۔ خدا جزا دے۔ آمین۔

ذریعہ تعلیم کا مسئلہ | مدیرانِ ترتیب: مُسلم سجاد، سلیم منصور۔ ناشر: انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز۔ بلاک ۱۹، مرکز الف ۷، اسلام آباد۔ نفیس کاغذ پر خوشنما طباعت۔ ۲۳۶ صفحات

حقیقت یہ ہے کہ پرکار کی نوک اگر اپنے مرکزی نقطے سے ہٹ جاتے اور بار بار اِدھر سے اُدھر ہوتی رہے تو دائرہ کبھی نہ بنے گا۔ اسی طرح جب کوئی قوم یا حکومت